سوال

(92)بچے کے پیشاب سے کپڑے کا ناپاک ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے نماز کےلیے وضو کیا اور پھر بچے کو اٹھا لیا، مگر اس کے پیشاب سے میرے کپڑے آلودہ ہوگئے، تو میں نے پیشاب والی جگہ دھو کر نماز پڑھ لی، اور وضو دوبارہ نہیں کیا۔ تو کیا اس طرح میری نماز صحیح ہوئی یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کی نماز بالکل صحیح ہے، کیونکہ آپ کے جسم کو بچے کا پیشاب لگ جانا، آپ کے وضو کےلیے ناقص نہیں ہے، آپ پر اتنا ہی واجب ہے کہ پیشاب والی جگہ کو دھولیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 145

محدث فتویٰ